04-07-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 Barbadosسے ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ جیتنے والی بھارتی کرکٹ ٹیم وطن لوٹ آئی ہے، جس کا شاندار استقبال کیا گیا۔ بھارتی ٹیم آج

صبح نئی دلّی میں وزیراعظم سے ملاقات کرے گی۔

2. فاتح ٹیم آج شام ممبئی میں ایک کھلی بس میں ایک روڈ شو میں شامل ہوگی۔

3. وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج قزاقستان کے شہر آستانہ میں شنگھائی تعاون تنظیم SCOسربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

4. برطانیہ میں کروڑوں لوگ آج عام انتخابات میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے، تاکہ نئے وزیراعظم کا انتخاب کیا جاسکے۔

5. لندن میں ومبلڈن ٹینس میں بھارت کے روہن بوپنّا اور آسٹریلیا کے اُن کے ساتھی کھلاڑی Mathew Ebdenمردوں کے ڈبلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔

اب خبریں تفصیل سے۔

<u>INDIAN CRICKET TEAM DELHI</u>

ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ کی فاتح بھارتی ٹیم آج صبح قومی راجدھانی دلّی پہنچ گئی ہے۔ بھارتی ٹیم Barbadosسے دلّی پہنچی ہے، جہاں ٹورنامنٹ کا فائنل میچ کھیلا گیا تھا۔ دلّی پولیس نے قومی راجدھانی میں فاتح ٹیم کا خیر مقدم کرنے کیلئے کرکٹ شائقین کی ایک بڑی تعداد کے ہوائی اڈّے پر جمع ہونے سے قبل سکیورٹی کے مناسب انتظامات کئے ہیں۔ بھارتی ٹیم ممبئی روانہ ہونے سے پہلے آج وزیراعظم نریندر مودی سے اُن کی رہائش گاہ پر ملاقات کرے گی۔

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ کے سکریٹری جے شاہ نے بتایا کہ ممبئی میں فاتح ٹیم آج شام کھلی بس میں ایک روڈ شو میں شامل ہوگی۔ جیت کا جلوس نریمن پوائنٹ سے وانکھیڑی اسٹیڈیم تک شام پانچ بجے سے شام سات بجے تک نکالا جائے گا۔ اس کے بعد وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ایک شاندار تقریب ہوگی، جس میں ٹیم کو مبارک باد دی جائے گی۔ اس موقع پر BCCI ، بھارتی ٹیم کو انعام کی رقم پیش کرے گی۔ پولیس نے عالمی کپ جیتنے والی بھارتی ٹیم کے روڈ شو کیلئے سکیورٹی کے سخت

انتظامات کئے ہیں۔ توقع ہے کہ کرکٹ شائقین کی ایک بڑی تعداد اس جلوس میں جمع ہوگی اور مبارکباد کی تقریب میں شرکت کرے گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Jeevan Bhavsar

ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ کی فاتح ٹیم آج شام ممبئی پہنچ رہی ہے۔ BCCI کے سکریٹری جے شاہ اور کپتان روہت شرما نے جیت کی پریڈ کیلئے کرکٹ شائقین کو مدعو کیا ہے۔ ٹیم انڈیا کی فاتح ٹیم آج شام Marine Drive سے وانکھیڑی اسٹیڈیم تک پریڈ میں شامل ہوگی۔ جیت کی پریڈ کے بعد BCCIنے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ایک خصوصی تقریب کا اہتمام کیا ہے، جہاں کھلاڑیوں اور عملے کو ایوارڈ کی رقم کے ساتھ مبارک باد اور اُن کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ ممبئی پولیس نے ہر ایک سے اپیل کی ہے کہ وہ ٹریفک کی ہدایات پر عمل کریں اور جیت کی پریڈ میں عوام شامل ہوسکیں گے۔

ممبئی سے جیون بھواسار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

## LS-RULES

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے، لوک سبھا میں نومنتخبہ ارکان کی حلف برداری سے متعلق کچھ ضوابط میں ترمیم کی ہے اور منتخبہ ارکان کو حلف لیتے ہوئے کوئی اور دوسرا بیان دینے سے روک دیا ہے، جس میں نعرے بازی بھی شامل ہے۔ تازہ ترین ترمیمات کے مطابق اسپیکر کے ذریعہ ہدایات میں ایک نئی شق شامل کی گئی ہے۔ اس نئی شق میں کہا گیا ہے کہ ایک ممبر بھارت کے آئین کے تیسرے شیڈیول میں اس مقصد کیلئے تجویز کئے گئے ضابطے کے مطابق حلف لے گا۔x

## ARMY AGNIVEE AJAY

بھارتی فوج نے اگنی ویر اجے کمار کو معاوضے کی رقم دیے جانے سے متعلق وضاحت جاری کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں فوج نے کہا کہ کُل بقایا رقم میں اگنی ویر اجے کے خاندان کو پہلے ہی 98 لاکھ 39 ہزار روپئے ادا کیے جاچکے ہیں۔ اس نے کہا کہ امدادی رقم اور دیگر فوائد جو کہ تقریباً 67 لاکھ روپے ہیں، پولیس کی تصدیق کے بعد حتمی حساب کتاب میں اگنی ویر اسکیم کے ضابطوں کے مطابق ادا کیے جائیں گے۔ مجموعی رقم تقریباً ایک کروڑ 65 لاکھ روپے ہوگی۔ فوج نے ایک بار پھر زور دے کر کہا ہے کہ اگنی ویروں سمیت ہلاک ہونے والے فوجیوں کے خاندان کو فوراً معاوضے ادا کیے جاتے ہیں۔

بھارتی فوج کی طرف سے یہ وضاحت ایسے وقت آئی ہے جب سوشل میڈیا پلیٹ فارمس پر ایسی پوسٹ گردش کر رہی ہیں جس میں کہا گیا ہے کہ اگنی ویر اجے کمار کے خاندان کو معاوضہ ادا نہیں کیا گیا جس نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جان قربان کردی تھی۔x

## DEFENCE-NCC

دفاع کے وزیر مملکت سنجے سیٹھ نے کَل نئی دلّی میں ایک تقریب کے دوران لداخ میں ماؤنٹ کانگ Yatse-II مہم سر کرنے کیلئے NCC کی لڑکیوں اور لڑکوں کی فاتح کوہ پیما ٹیم کو مبارک

باد دی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے سخت موسم کے باوجود اُن کی غیر معمولی کامیابی کیلئے اُن کی تعریف کی۔ انہوں نے کیڈٹوں کو تلقین کی کہ وہ 2022 میں NCC کی ریلی سے وزیراعظم کے خطاب سے تحریک لیں، جب وزیراعظم نے کہا تھا کہ یہ NCC کے ذریعہ دی گئی تربیت کی وجہ ہے، کہ وہ ملک کیلئے اپنی ذمہ داری کو پوری کرسکے۔

NCCکوہ پیما ٹیم 27 لڑکیوں اور لڑکوں، پانچ افسروں اور 17 مستقل انسٹرکٹر اسٹاف پر مشتمل تھی، جس نے پچھلے ماہ ماؤنٹ کانگ Yatse-II مہم کو کامیابی سے مکمل کیا۔ کیڈٹوں نے سخت تربیت کی بدولت بلند پہاڑوں پر سخت حالات کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنا مشن مکمل کیا۔×

## GOVT SMART CITY MISSION

حکومت نے کہا ہے کہ اسمارٹ سٹی مشن کے تحت ایک سو شہروں میں کام مکمل کیا جا چکا ہے جو ایک لاکھ 44 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے پروجیکٹوں کا 90 فیصد ہے۔ مذکورہ مشن 2015 میں ایسے شہروں کو فروغ دینے کے لیے شروع کیا گیا تھا جو اسمارٹ حل کے نفاذ کے ذریعہ کلیدی بنیادی ڈھانچہ، اپنے شہریوں کو بہترین طرز زندگی اور صاف ستھرا اور پائیدار ماحول فراہم کر سکیں۔

ہاؤسنگ اور شہری امور کی وزارت نے کہا ہے کہ مشن کو کچھ ریاستوں اور شہری حکومت کے نمائندوں سے باقی ماندہ 10 فیصد کومکمل کرنے کیلئے کچھ اور وقت دیے جانے کے سلسلے میں بہت سی درخواستیں موصول ہو رہی ہیں۔ ان درخواستوں کا نوٹس لیتے ہوئے وزارت نے باقی ماندہ پروجیکٹوں کا کام مکمل کرنے کیلئے 31 مارچ 2025 تک توسیع دے دی ہے۔ وزارت نے کہا کہ 19 ہزار 926 کروڑ روپے کی لاگت کے باقی 830 پروجیکٹ مکمل ہونے کے آخری مراحل میں ہیں۔×

## ASSAM FLOOD

آسام میں سیلاب کی صورتحال اب بھی سنگین بنی ہوئی ہے، کیونکہ 29 ضلعوں میں 16 لاکھ سے زیادہ لوگ سیلاب کی زَد میں ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 8 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ اس طرح مرنے والوں کی کُل تعداد 46 تک پہنچ گئی ہے، جبکہ تین افراد لاپتہ ہیں۔ سیلاب کی وجہ سے 105 ریونیو سرکلز کے کُل دو ہزار 800 گاؤں متاثر ہوئے ہیں اور ریاست میں 39 ہزار 400 ہیکٹیئرس سے زیادہ رقبے میں پھیلی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔

آکاشوانی کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ وزیراعلیٰ Himanta بسوا سرما نے ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ تمام ضلع کمشنروں کے ساتھ سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لیا اور انہیں راحت وبچاؤ کے کام کو تیزی کے ساتھ انجام دینے کی ہدایت دی۔

وزیراعلیٰ نے DCs کو یہ بھی ہدایت دی کہ وہ سیلاب سے متاثرہ عوام کا سروے کریں، جبکہ حکومت نے 15 اگست سے پہلے معاوضے کی رقم جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے کامروپ ضلع کے سیلاب سے متاثرہ کئی علاقوں کا بھی دورہ کیا۔ ریاستی سرکار نے 181 راحتی کیمپس اور راحت کے سامان کی تقیم کے 334 مراکز کھولے ہیں۔ NDRFاور SDRF کی ٹیمیں بھی راحت و بچاؤ کے کاموں کیلئے تعینات کی گئی ہیں۔×

BIHAR MBBS

بہار کے صحت کے محکمے نے میڈیکل کے طلبا کو MBBS کورس کے امتحان کو ہندی زبان میں دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ سہولت ریاستی حکومت کے دس اداروں اور مرکزی حکومت کے زیر انتظام چلنے والے دو اداروں سمیت بہار میں واقع سبھی 21میڈیکل کالجوں میں دستیاب ہوگی۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ریاست کے صحت کے وزیر منگل پانڈے نے کہا کہ اِس پر نفاذ اِس سال سے شروع ہونے والے تعلیمی سیشن سے ہوگا۔ جناب پانڈے نے کہا کہ بہار، مدھیہ پردیش کے بعد ہندی زبان میں میڈیکل کی تعلیم کی سہولت فراہم کرنے والی دوسری ریاست بن جائے گی۔ ریاستی کمیٹی کی اُن سفارشات کی بنیاد پر اِس پر عمل ہوگا جس نے مدھیہ پردیش میں ہندی زبان میں میڈیکل کی تعلیم دینے جانے کا مشاہدہ کیا تھا۔ جناب پانڈے نے کہا کہ حکومت نے ہندی کی Text Books اور ہندی زبان میں MBBS کورس کے لیے فیکلٹی کی دستیابی سمیت اِس سلسلے میں درکار سبھی نکات کا جائزہ لیا ہے۔ طلبا کے پاس ہندی یا انگلش زبان میں تعلیم حاصل کرنے کا متبادل ہوگا۔ ریاست کے صحت کے وزیر نے بتایا کہ اِس کا مقصد میڈیکل کی تعلیم کو آسان بنانا اور ہندی میڈیم کے پس منظر والے ہونہار طلبا کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج قزاقستان کے شہر آستانہ میں شنگھائی تعاون تنظیم SCO سربراہ کانفرنس میں بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔ وہ SCO کے سربراہان مملکت کی کونسل کی 24 ویں میٹنگ میں وزیراعظم نریندر کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ امکان ہے کہ سربراہ کانفرنس کے دوران دنیا کے لیڈران گزشتہ دو دہائیوں میں تنظیم کی سرگرمیوں کا جائزہ لیں گے اور کثیر رُخی تعاون کے پہلوؤں پر تبادلہ خیال کریں گے۔ اس بات کا بھی امکان ہے کہ میٹنگ میں علاقائی اور بین الاقوامی اہمیت کے اہم اُمور پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

شنگھائی تعاون تنظیم میں بھارت کی ترجیحات سکیور SCO کے وزیراعظم کے ویژن کے مطابق ہیں۔ سکیور سے مراد سلامتی، معاشی تعاون، کنکٹی وِٹی اتحاد، اقتدار اعلیٰ اور علاقائی سلامتی کیلئے احترام اور ماحولیاتی تحفظ ہیں۔ بھارت نے SCO کی اپنی پہلی صدارت کے تحت، ورچوئل فارمیٹ میں پچھلے سال 4 جولائی کو SCO کے سربراہان مملکت کی کونسل کی 23 ویں میٹنگ کی میزبانی کی تھی۔

کَل ڈاکٹر ایس جے شنکر نے سربراہ کانفرنس کے موقع پر اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انٹونیو گتریس اور قزاقستان، روس، بیلاروس، اُزبیکستان اور تاجکستان کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ میٹنگ کی تھی۔ انہوں نے آستانہ میں Pushkin پارک میں مہاتماگاندھی کے مجسمے پر خراج عقیدت پیش کیا تھا۔x

## UK-ELECTION

برطانیہ میں کروڑوں ووٹرز آج اہمیت کے حامل عام انتخابات میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے، جس سے ملک کو نیا وزیراعظم ملے گا۔ ووٹنگ کا عمل بھارت کے معیاری وقت کے مطابق دن میں ساڑھے بارہ بجے سے شروع ہوگا اور کل صبح ساڑھے تین بجے تک جاری رہے گا۔ ووٹنگ ختم ہونے کے فوراً بعد ملک کے اگلے وزیراعظم سے متعلق فیصلے کیلئے ووٹوں کی گنتی شروع ہوجائے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Chirag Jha

مئی کے آخر میں برطانیہ کے وزیراعظم رشی سونک نے Downing Street کے باہر ایک بیان میں اچانک عام انتخابات کرانے کا اعلان کردیا تھا کیونکہ انکی کنزرویٹیو پارٹی کو حکومت چلانے میں مشکلات کا سامانا ہے۔ ملک میں اصل مقابلہ وزیراعظم سونک کی کنزرویٹیو پارٹی اور لیبر پارٹی کے ان کے حریف Sir Keir کے درمیان ہے۔ دونوں پارٹیوں نے پچھلے کچھ دنوں میں ووٹروں کو اپنی طرف راغب کرنے کے لیے، زبردست انتخابی مہم چلائی ہے۔ یہ انتخاب اہم ہے کیونکہ ووٹر ایک نئی حکومت کو منتخب کریں گے اور وزیراعظم رشی سوناک کے 20 ماہ کے عہدے کے بارے میں بھی اپنا فیصلہ دیں گے۔ سونک کی کنزوویٹیو پارٹی 2010 سے برطانیہ میں اقتدار میں ہے۔

نئی دلی سے چراغ جھا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.....

## AMARNATH YATRA KASHMIR

وادی کشمیر میں شری امرناتھ جی کی سالانہ یاترا خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔ زیادہ سے زیادہ تعداد میں عقیدتمند اپنے آگے کے سفر کیلیے مندروں کے شہر جموں پہنچ رہے ہیں تاکہ جنوبی کشمیر میں واقع مقدس گپھا میں بھگوان شیو کے درشن کر سکیں۔یہ یاترا جو 29 جون کو شروع ہوئی ہے۔ 19 اگست کو شرون پورنیما کے مقدس موقع پر ختم ہوگی۔ اُسی دن رکشا بندھان کا تہوار بھی ہے۔

## IMD RAIN

قومی راجدھانی کے مختلف حصوں میں کل رات ہلکی سے اوسط بارش ہوئی اور بارش کا یہ سلسلہ آج صبح سے جاری ہے۔ بارش سے لوگوں کو گرمی اور اُمس کے موسم سے کافی راحت ملی ہے۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے چار روز میں ملک کے شمال مغربی اور وسطی بھارت میں گرج چمک اور بجلی کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد، ہماچل پردیش، ہریانہ، چنڈی گڑھ، مدھیہ پردیش، پنجاب اور مشرقی راجستھان میں آج بھاری بارش ہونے کا امکان ہے۔ اترپردیش میں بھی آج بہت زور دار بارش ہونے کا امکان ہے۔ اتراکھنڈ، آسام اور میگھالیہ میں بھی آج بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے-X

## JHARKHAND CM OATH

جھارکھنڈ مکتی مورچہ (JMM) کے ایگزیکیوٹیو صدر ہیمنت سورین 7 جولائی کو جھارکھنڈ کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔ وزیراعلیٰ چمپئی سورین نے کل گورنر سی وی رادھا کرشنن کو اپنا استعفیٰ سونپ دیا۔ اِس طرح اُن کے پیشرو نے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے اُن کی واپسی کی راہ ہموار کردی ہے۔ اِس کے بعد ہیمنت سورین نے نئی حکومت تشکیل دینے کا دعویٰ پیش کیا۔

ہیمنت سورین کو پھر سے وزیراعلیٰ بنائے جانے کا فیصلہ JMM ، کانگریس اور RJD کے I.N.D.I.A. بلاک پر مشتمل MLAs کی ایک میٹنگ میں لیا گیا۔ ہیمنت سورین نے اِس سال 31 جنوری کو اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا اور اُس کے کچھ گھنٹوں کے بعد ہی انفورسمینٹ ڈائرکٹوریٹ نے ایک مبینہ زمین گھپلے کے معاملے میں منی لانڈرنگ کے ایک کیس میں انھیں گرفتار کرلیا تھا۔x

## ADVANI-APPOLLO

سرکردہ BJP لیڈر لال کرشن اڈوانی کو کَل شام نئی دلّی کے اپولو اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ اسپتال نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جناب اڈوانی کی حالت مستحکم ہے اور ڈاکٹر اُن کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں۔ پچھلے ہفتے جناب اڈوانی کو عمر سے متعلق صحت کے معاملوں کی وجہ سے نئی دلّی کے ایمس میں داخل کرایا گیا تھا اور پھر اگلے دن چھٹی دے دی گئی تھی۔×

## WIMBLEDON-BOPANNA

ومبلڈن ٹینس میں کل رات لندن میں مردوں کے ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں بھارت کے روہن بوپنا اور ان کے آسٹریلیائی ساتھی کھلاڑی Mathew Ebden کی جوڑی نے Sander Arends اور Robin Haase کی ڈَچ جوڑی کو سات-پانچ، چھ-چار سے ہرادیا۔ اب ان کا مقابلہ Hendrik Jebens اور Constantin Frantzen کی جرمنی جوڑی سے ہوگا۔ البتہ بھارت کی Sumit Nagal اور سربیا کے ان کے ساتھی کھلاڑی Dusan Lajovic کی جوڑی مردوں کے ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں Pedro Martinez اور Jaume Munar سے چھ-دو، چھ-دو سے ہار گئے۔

آج مردوں کے ڈبلز میں بھارت کے یوکی بھامبری اپنے فرانسیسی ساتھی کھلاڑی Albano Olivetti کی جوڑی کے ساتھ قزاقستان کے الیگزنڈر Bublik اور الیگزنڈر Shevchenko کا سامنا کریں گے۔×

## BADMINTON

بیڈمنٹن میں بھارت کے Priyanshu Rajawat کَل رات کینیڈا اوپن کے مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے کَل افتتاحی راؤنڈ میں ڈنمارک کے Rasmus Gemke کو سترہ-اکیس، اکیس-سولہ، اکیس-چودہ سے ہرایا۔

خواتین کے سنگلز میں انوپما اپودھیائے بھی آئرلینڈ کی کھلاڑی Rachael Darragh کو اکیس-گیارہ، اکیس-گیارہ سے ہرانے کے بعد پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ مکسڈ ڈبلز میں روہن

کپور اور شیوانی Ruthvika کی جوڑی Tarun Kona اور سری کرشنا پریا کو اکیس-نو، اکیس-نو سے ہرانے کے بعد پری کوارٹرفائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

آج خواتین کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں Treesa Jolly اور گائتری گوپی چند کی بھارتی جوڑی کا سامنا ڈنمارک کی Alyssa اور Natasja. P سے ہوگا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - شبانہ رحمان

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے وزیراعظم کے راجیہ سبھا سے خطاب کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار پرتاپ کی شہ سرخی ہے: ”ملک سے غربت کے خاتمے کے لیے، جنگ جیتیں گے۔“ وزیراعظم نے کہا عوام نے بھارت کی معیشت کو ٹاپ تین میں لے جانے کے لیے مینڈیٹ دیا۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا سرخی دیتا ہے: ہیمنت سورین تیسری بار بنیں گے جھارکھنڈ کے وزیراعلیٰ، چمپئی سورین کا استعفیٰ، ممبران اسمبلی کی حمایت کا خط گورنر کو سونپا۔ اخبار انقلاب لکھتا ہے، اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ہاتھرس ستسنگ حادثے کے بعد حالات کا جائزہ لیا، عدالتی جانچ کا حکم، قصوروراوں کو سزا دلانے کا عزم۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس کی ایک نمایاں سرخی ہے: وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے آستانہ میں روسی ہم منصب سے ملاقات کی، روسی فوج میں بھرتی کیے گئے بھارتی شہریوں کا مسئلہ اٹھایا۔

اخبار ملاپ کی ایک اہم سرخی ہے: اسٹاک مارکیٹ کا نیا ریکارڈ، سینسیکس 80 ہزار پوائنٹس کے پار۔ تقریباً سبھی اخبارات نے زیکا وائرس سے متعلق الرٹ اور تمام ریاستوں کو ایڈوائزری جاری کیے جانے کی خبر کو قومی صفحہ پر جگہ دی ہے:

اخبارات کی دیگر بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

_آستانہ میں شنگھائی تعاون تنظیم کا سربراہ اجلاس شروع

_اسرائیل کی فلسطینیوں پر بم باری، 30سے زائد ہلاک

_امریکہ، یوکرین کو دو اعشاریہ تین ارب ڈالر کی نئی سیکیورٹی امداد دے گا۔

_غزہ میں بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزیاں جاری رکھنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی: سعودی وزیر خارجہ کا بیان

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 Barbadosسے ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ جیتنے والی بھارتی کرکٹ ٹیم وطن لوٹ آئی ہے، جس کا شاندار استقبال کیا گیا۔ بھارتی ٹیم آج صبح نئی دلّی میں وزیراعظم سے ملاقات کرے گی۔

2. فاتح ٹیم آج شام ممبئی میں ایک کھلی بس میں ایک روڈ شو میں شامل ہوگی۔

3. وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج قزاقستان کے شہر آستانہ میں شنگھائی تعاون تنظیم SCOسربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

4. برطانیہ میں کروڑوں لوگ آج عام انتخابات میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے، تاکہ نئے وزیراعظم کا انتخاب کیا جاسکے۔

5. لندن میں ومبلڈن ٹینس میں بھارت کے روہن بوپنّا اور آسٹریلیا کے اُن کے ساتھی کھلاڑی Mathew Ebdenمردوں کے ڈبلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------